# تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا امتی کہنا

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3558

**تاریخ اجراء:** 13 شعبان المعظم 1446ھ / 12 فروری 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں کہہ سکتے ہیں کیونکہ ہمارے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم سب انبیاء کے نبی ہیں، اور تمام انبیاء و مرسلین اور ان کی امتیں، سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے امتی ہیں۔

امام عبد الرحمن بن ابي بكر، جلال الدين السيوطي (سن وفات: 911ھ) نے خصائص الکبری میں باقاعدہ اس پر عنوان قائم کر کے ثابت کیا کہ تمام انبیا اور ان کے امتی ہمارے آقا و مولا محمد مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ و الہ وسلم کے امتی ہیں: "فائدة في أنّ رسالة النبي صلى الله عليه وسلم عامة لجميع الخلق والأنبياء وأممهم كلهم من أمته، "ترجمہ: فائدہ اس بارے میں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و الہ وسلم کی رسالت تمام مخلوق کو عام ہے اور انبیائے کرام علی نبینا وعلیہم الصلوۃ والسلام اور ان کی امتیں، سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و الہ وسلم کے امتی ہیں۔ (الخصائص الكبرى، ج 1، ص 8، دار الکتب العلمية)

سیدی اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن آیہ کریمہ "وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ" کے تحت ارشاد فرماتے ہیں: "امام علامہ تقی الملۃ والدین ابو الحسن علی بن عبد الکافی سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک نفیس رسالہ "التعظیم والمنه فی لتؤمنن به ولتنصرنه" لکھا۔ اور اس میں آیت مذکورہ سے ثابت فرمایا کہ ہمارے حضور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ سب انبیاء کے نبی ہیں، اور تمام انبیاء و مرسلین

اوران کی امتیں سب حضور کے امتی۔ حضور کی نبوت ورسالت زمانہ سیدنا ابو البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روز قیامت تک جمیع خلق اللہ کو شامل ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج30، ص130تا138، مطبوعہ: رضافاؤنڈیشن، لاہور)

خلیفہ اعلی حضرت، صدر شریعت، بدر طریقت، حضرت علامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ اپنی تصنیف جلیل بہار شریعت میں تحریر فرماتے ہیں: "سب سے پہلے مرتبہ نبوّت حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو ملا۔ روزِ میثاق تمام انبیا سے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پر ایمان لانے اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی نصرت کرنے کا عہد لیا گیا اور اِسی شرط پر یہ منصبِ اعظم اُن کو دیا گیا۔ حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نبی الانبیا ہیں اور تمام انبیا حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے اُمّتی، سب نے اپنے اپنے عہدِ کریم میں حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی نیابت میں کام کیا، اللہ عزوجل نے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو اپنی ذات کا مظہر بنایا اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے نُور سے تمام عالَم کو منوّر فرمایا۔" (بہار شریعت، ج1، ص85، ص86، مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net